# 26978 ـ حج بدل کی اجرت لینا

**سوال**

میرا خاوند فوت ہوچکا ہے اللہ تعالی اس پر رحم کرے ، ان شاء اللہ میرا اردہ ہے کہ اس سال میں کسی شخص کو اس کی طرف سے حج کراؤں ، توکیا تواس کی طرف سے حج بدل کرے گا اس کے لیے کھانے پینے اورگاڑی اورخیموں کے کرایہ کے علاوہ اپنی محنت کے بدلے میں بھی پیسے لینے جائز ہیں کہ نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کسی کی طرف سے حج بدل کرنے کے لیے مقرر کردہ اجرت لینا جائز ہے چاہے وہ رقم حج میں کھانے پینے اوردوسرے خرچہ وغیرہ سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو ، اوراس کے لیے مشروع یہ ہے کہ واس حج میں خیر وبھلائی کے ارادہ سے شامل ہو اورحج میں اس کے لیے جو کچھ میسر ہوسکے حرم میں عبادات بجالائے ، اس کا مقصد اورارادہ صرف مال کا حصول ہی نہیں ہونا چاہیے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .